نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

22ستمبر2010ء

برائے فوری اجراء

529/2010

رابطہ: کورٹنی بیعل

قائم مقام ترجمان

فون:0300-501-2640

# یوایس ایڈ کے ایڈمنسٹریٹر کی جانب سے خوراک کے عالمی پروگرام کیلئے مزید امداد کا اعلان

اقوامِ متحدہ (22ستمبر 2010ء) ___ ہفتے کے اواخر میں نیویارک میں ایک اجلاس میں امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) کے ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر راجیو شانے چھ ملین لوگوں کو خوراک مہیا کرنے کیلئے خوراک کے عالمی ادارے کو مزید فنڈز فراہم کرنے کا اعلان کیا۔

ڈاکٹر راجیو شانے 19 ستمبر کو کہا کہ مجھے آج تباہ کن سیلاب سے متاثر ہونے والے چھ ملین سے زائد پاکستانیوں کو غذا فراہم کرنے کیلئے خوراک کے عالمی ادارے کو مزید 6ارب 40 کروڑ روپے (75 ملین ڈالر) فراہم کرنے کا اعلان کرنے اعزاز حاصل ہوا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اہم بات یہ ہے کہ اس رقم میں سے 5ارب 90 کروڑ روپے (70 ملین ڈالر) تقریباً 120,000 ٹن وزن کی اشیاء مقامی طور پر خریدنے پر خرچ ہوں گے اور 42 کروڑ 80 لاکھ روپے (5 ملین ڈالر) امریکہ سے حاصل کی جانے والے خوراک کیلئے استعمال ہوں گے جو یوایس ایڈ کے مجوزہ پروگرام کا حصہ ہے۔ مقامی طور پر اشیاء کا حصول پاکستان میں ابتدائی بحالی اور تعمیر نو کی کوششوں کیلئے اہم ہے۔

امریکہ حکومتی سطح پر اب تقریباً 29ارب 50 کروڑ روپے (345 ملین ڈالر) امداد فراہم کر رہا ہے جو اس کی جانب سے ایک ماہ قبل دی جانے والی اعانت سے دگنا ہے۔ جلد بحالی اور امدادی کاموں کا متاثرین کو براہ راست فائدہ پہنچانے کی غرض سے امریکی امداد بین الاقوامی اور مقامی این جی اوز، اقوام متحدہ کے اداروں اور حکومتِ پاکستان کے ذریعے استعمال کی جا رہی ہے۔ امریکہ نے 4ارب 20 کروڑ روپے (50 ملین ڈالر) سے زائد کی امداد سامان کی صورت میں فراہم کی ہے۔ امریکی طیاروں نے 15,000 افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچایا، سات ملین پاؤنڈ وزنی امدادی اشیاء متاثرہ علاقوں میں پہنچائیں اور حلال کھانے اور تیار شدہ پل بھی فراہم کیے۔ مزید برآں امریکہ کے نجی شعبے نے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں کیلئے 85 کروڑ 70 لاکھ روپے (10 ملین ڈالر) کا عطیہ دیا۔

###

| اسلام آباد | لاہور | کراچی | پشاور |
|---|---|---|---|
| سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ<br>رمنا-5، اسلام آباد<br>فون:2082000<br>E-mail: infoisb@state.gov | 50 ایمپریس روڈ<br>فون:6034000<br>E-mail: irclahore@state.gov | کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ<br>فون:5204200<br>E-mail: irckhi@state.gov | 11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ<br>فون: 5268800 |